شعبہ نشر و اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان
36-کے، ماڈل ٹائون لاہور، فون: 042-35869501، ای میل: media@tanzeem.org

28 اکتوبر 2022

پریس ریلیز

فوج کے دو بڑوں کی مشترکہ پریس کانفرنس غیر معمولی اور حیران کن ہے۔(شجاع الدین شیخ)

لاہور(پ ر): فوج کے دو بڑوں کی مشترکہ پریس کانفرنس غیر معمولی اور حیران کن ہے۔ یہ بات تنظیم اسلامی کے امیر **شجاع الدین شیخ** نے ایک بیان میں کہی۔ اُنہوں نے کہا کہ بھٹو دور میں جب سے فوج میں سیاسی سیل اور محکمہ اطلاعات قائم ہوا ہے۔ مختلف اوقات میں DGISPR سیکورٹی کے حوالے سے ملکی اور غیر ملکی معاملات پر میڈیا کو بریفنگ دیتے رہے ہیں۔ یہ پہلی مرتبہ ہوا کہ DGISPR اور DGISI نے مشترکہ پریس کانفرنس کی لیکن اس میں ملکی سیکورٹی کے حوالے سے کوئی بات نہیں تھی بلکہ ایک سیاسی جماعت اور اُس کے سربراہ کی طرف سے ادارے پر کی جانے والی تنقید کا جواب تھا۔ اُنہوں نے کہا کہ فوج وقتاً فوقتاً سیاست سے لاتعلقی کا اعلان کرتی رہتی ہے لیکن سیاست دان GHQ جا کر ایک دوسرے کی شکایتیں کرتے ہیں اور اپنے سیاسی حریفوں کے خلاف کاروائی کا مطالبہ کر کے صورتِ حال کو بگاڑ رلیتے ہیں۔ اُنہوں نے اس بات کو خوش آئند قرار دیا کہ فوج نے اس عزم کا اظہار کیا ہے کہ وہ اپنی آئینی حدود میں کام کرے گی۔ اُنہوں نے کہا کہ ضرورت اس امر کی ہے کہ تمام ادارے آئین پاکستان کی حدود میں رہ کر کام کریں اور سیاست دان بھی اپنے رویوں میں سنجیدگی لائیں اور قومی مفادات کو ذاتی اور جماعتی مفاد پر ترجیح دیں تاکہ مملکتِ خداداد پاکستان کے جملہ مسائل کو حل کیا جاسکے۔

جاری کردہ

ایوب بیگ مرزا
مرکزی ناظم شعبہ نشرواشاعت، تنظیم اسلامی پاکستان

TANZEEM-E-ISLAMI

PRESS RELEASE: Friday 28 October 2022

"The joint press conference by two bigwigs of the Armed forces of Pakistan is unprecedented and extraordinary."

(Shujauddin Shaikh)

Lahore (PR): "The joint press conference by two bigwigs of the Armed forces of Pakistan is unprecedented and extraordinary."

This was said by the Ameer of Tanzeem-e-Islami, **Shujauddin Shaikh**, in a statement. The Ameer said that ever since the political cell and public relations department of the Army was created during the era of Z.A. Bhutto, the DGISPR has had been giving briefings to the press about matters pertaining to national and international security. It is unprecedented, however, that the DGISPR and DGISI addressed a joint press conference and the briefing was not about any matter pertaining to national security but the institutional reply to the criticism made by a political party and its head. The Ameer said that the army regularly maintains that it is not playing any role in political, yet the politicians keep going to the GHQ to criticize their opponents and get the blessings of the establishment. The Ameer said that it is admirable that the army has expressed the resolve to work within its constitutional boundaries. The Ameer said that it is imperative that all state institutions work within the boundaries defined in the constitution of Pakistan and the politicians need to demonstrate maturity and seriousness too, by prioritizing national interests over personal and political interests, so that the problems being faced by Pakistan could be resolved.

Issued by
Ayub Baig Mirza
Markazi Nazim of Press and Publications Section
Tanzeem-e-Islami, Pakistan